جلدی امراض

کا

ہومیوپیتھک علاج

تحریر و تالیف
پروفیسر ڈاکٹر محمد حسین مونس

مکتبہ المونس

پروفیسر ڈاکٹر محمد حسین مونس

پرنسپل المونس ہومیو پیتھک میڈیکل کالج اینڈ ہسپتال
چیئرمین انجمن تحقیق وترقی ہومیوپیتھی، پاکستان

پروفیسر ڈاکٹر محمد حسین مونس نے نامور اور بزرگ ہومیو پیتھس ڈاکٹر مسعود قریشی مرحوم، ڈاکٹر عبدالحمید مرحوم، ڈاکٹر بشیر قریشی مرحوم ڈاکٹر پاشا مرحوم، ڈاکٹر اسماعیل اختر مرحوم، ڈاکٹر اسماعیل نامی بہادر مرحوم، ڈاکٹر احمد سعید مرحوم، ڈاکٹر الطاف حسین مرحوم، اور ڈاکٹر غازی مرحوم کی سربراہی میں ہومیو پیتھی کی ترقی اور ترویج کے لئے کام کیا۔

آپ کا نام ان چند شخصیات میں شامل ہے جنہوں نے ضلع رحیم یار خان میں ہومیو پیتھی طریقہ علاج کو متعارف کروایا۔ آپ نے ہمیشہ ہومیو پیتھی کو عام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس اہم ضرورت کے پیش نظر آپ مختلف ادوار میں مختلف ہومیو پیتھک کالجز سے وابستہ رہے۔ آپ جوہر ہومیو پیتھک میڈیکل کالج کے بانی پرنسپل ہیں اسی طرح آپ نے فیصل شہید ہومیو پیتھک میڈیکل کالج بہاولپور میں بطور وائس پرنسپل کام کیا۔ اس کے علاوہ مسلم ہومیو پیتھک میڈیکل کالج میں بھی آپ کی علمی صلاحیتوں کا اعتراف کیا گیا اور آپ نے بطور سینئر پروفیسر اپنے فن، علم اور صلاحیتوں کا لوہا منوایا اور المونس ہومیو پیتھک میڈیکل کالج اینڈ ہسپتال رحیم یار خان کا قیام 1998ء میں جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد حسین مونس کی کوششوں سے عمل میں آیا۔

درس وتدریس کے علاوہ آپ نے ہومیو پیتھی کی ترقی وترویج کیلئے میڈیا میں مثبت رول ادا کیا جس کی مثال ماہنامہ "علاج بالمثل" اور ہفت روزہ "المونس" ہیں۔ آپ نے ہومیو پیتھی کے متعلق مختلف کتابیں لکھیں جن میں آنکھ اور ہومیو پیتھی، مقام ہومیو پیتھی، ہومیو کونسل کے حل شدہ پرچہ جات، ہومیو پیتھک مدر ٹنکچر کا خارجی وداخلی استعمال اور طلباء وطالبات کے لئے میٹریا میڈیکا قابل ذکر ہیں۔

آپ **P.H.M.A** کے ضلعی جنرل سیکرٹری رہے **H.P.C.A** کے لئے پنجاب کے نائب صدر کے طور پر خدمات سرانجام دیں اور **ATTH** انجمن تحقیق وترقی ہومیو پیتھی پاکستان کے چیئرمین ہیں۔ آپ نے ہمیشہ ہومیو پیتھک طریقہ علاج کی افادیت کو تسلیم کرانے اور عملی طور پر ہومیو پیتھی طریقہ علاج کے نفاذ کیلئے جہاد کیا ہے۔ آپ کی علمی خدمت، خدمت خلق اور کامیاب ہومیو پیتھ معالج کی حیثیت سے پاکستان سوشل ایسوسی ایشن کی طرف سے گولڈ میڈل (ستارۂ سماج) سے نوازا گیا اور 30 جنوری 2006ء کو نیشنل کونسل فار ہومیو پیتھی (حکومت پاکستان) نے بیسٹ اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا۔

تحریر وتالیف

پروفیسر ڈاکٹر محمد حسین مونس

چیف ایڈیٹر

- ہفت روزہ ''المونس'' رحیم یار خان
- ماہنامہ ''علاج بالمثل'' رحیم یار خان

- آنکھ اور ہومیو پیتھی
- مقام ہومیو پیتھی
- ہومیو پیتھک مدر ٹنکچر کا خارجی وداخلی استعمال
- ہومیو پیتھک معالجاتی اشارات
- نظام الاوقات
- حل شدہ پرچہ جات (ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس)
- مختلف ہومیو پیتھک بک لیٹس وغیرہ

ناشران

مکتبہ المونس بانو بازار پوسٹ بکس 66 رحیم یار خان

پیش لفظ

ہمارے پیارے ملک پاکستان کی طرح دنیا بھر میں اس وقت جلدی امراض کا زور ہے اور آئے روز ان میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ ایک تازہ ترین رپورٹ کے مطابق اس وقت جلدی بیماریوں کی تعداد چار ہزار تک پہنچ چکی ہے جبکہ 1980ء میں ان کی تعداد صرف 360 تھی۔ پاکستان میں اس وقت الرجی، خارش، دھدر، چنبل، پھوڑے، پھنسیاں، گرمی دانے، لاکڑا کاکڑا، خسرہ، سر کی خشکی، سکری، پاؤں کی جلد کا پھٹ جانا، برص یا پھلبہری، جسم پر کھرنڈ بن جانا، جلد کی جھریاں، جذام، آتشک، سوزاک، منہ کے چھالے، آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے، کیل مہاسے، چھائیاں، تل، وبائی خارش، تر یا خشک اگزیما، سر میں جوئیں پڑنا اور بالوں کا گرنا زوروں پر ہے اور لوگ علاج کے لئے مارے مارے پھر رہے ہیں مگر ۔ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔

ماہرین کے نزدیک ان امراض کے پھیلنے کی کئی بنیادی وجوہات ہیں۔ سب سے اہم وجہ آبادی میں اضافہ ہے اور دوسری بڑی وجہ غربت ہے جس کی وجہ سے بچے، عورتیں، نوجوان اور بوڑھے افراد مختلف قسم کی جلدی بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ غریب لوگ صفائی کا خاطر خواہ خیال نہیں رکھ سکتے اور اسی وجہ سے وہ جلدی امراض کا شکار ہو جاتے ہیں مگر ہماری رائے میں اس کی سب سے بڑی وجہ ناقص منصوبہ بندی ہے۔ ملک میں رائج طریقہ ہائے علاج میں ایلوپیتھی، ہومیوپیتھی اور طب یونانی قابل ذکر ہیں۔ ایلوپیتھی طریقہ علاج کو تو حکومتی سرپرستی حاصل ہے جبکہ ہومیوپیتھی کو اہمیت نہیں دی جاتی حالانکہ یہ طریقہ علاج اپنی افادیت اور انفرادیت کی وجہ سے پوری دنیا میں مقبول ہو رہا ہے اور اس کی اسی خصوصیت کو مدنظر رکھتے ہوئے عالمی ادارہ صحت (W.H.O) نے اسے اپنے ہیلتھ پلان میں شامل کر لیا ہے۔

اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستان کی وزارت صحت اور حکومت وقت بھی ہومیو پیتھی کو اپنی ہیلتھ پالیسی میں شامل کرلے اور اس کم خرچ، زود اثر، بے ضرر اور اثرات مابعد سے پاک اور پاکستانی عوام کے مزاج کے عین مطابق طریقہ علاج سے استفادہ کر کے پاکستان کے گھمبیر مسائل صحت کو حل کرنے کی سعی کرے۔ یاد رکھیئے کہ ہومیو پیتھی!

o...... انسانیت کے لئے قدرت کا ایک انعام ہے۔

o...... جدید اور سائنٹیفک طریقہ علاج ہے۔

o...... 21 ویں صدی کا واحد کامیاب طریقہ علاج ہے۔

o...... اس کو اپنائے بغیر پاکستان کے مسائل صحت حل نہیں ہو سکتے۔

ہمیں امید ہے کہ وزارت صحت اور حکومت وقت ہماری اس درست رائے کی طرف توجہ دے گی اور ہومیو پیتھی سے استفادہ کر کے صحت کے گھمبیر مسائل کو حل کرے گی۔

قارئین کرام اس مختصر کتاب میں جلدی امراض کو دور کرنے کا ہومیو پیتھک علاج درج کیا گیا ہے۔ خاص طور جلدی امراض پر مشتمل معالجاتی اشارات کو چار ابواب میں آسان اور مختصر انداز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہومیو پیتھی لٹریچر میں اس طرز کی یہ سب سے پہلی کتاب ہے جو کہ معالج کا مقصد آسانی سے پورا کرتی ہے۔

اس کتاب سے نہ صرف نئے آنے والے ہومیو ڈاکٹر ہی استفادہ کر سکتے ہیں بلکہ یہ مصروف پریکٹشنرز کے لئے بھی Table Book کا کام دے گی یعنی

جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی۔

آخری گذارش کہ کتاب کے بارے میں اپنی آراء ارسال کر کے میری حوصلہ افزائی کریں اور اس کے اندر اگر کوئی غلطی ہو تو اس کی نشان دہی کریں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اسے درست کر دیا جائے۔

(خیر اندیش ...... پروفیسر ڈاکٹر محمد حسین مونس)

فہرست

①

شدید کھجلی یا خارش

PRURITUS

جلد کی شدید خارش بغیر ابھاروں اور پھنسیوں کے

Itching of skin without Eruption

1-ارنڈو ARUNDO.

بازوؤں، ٹانگوں اور سینہ پر خارش اور کسی چیز کے رینگنے کا احساس۔بازوؤں پر انگلیوں پر اور ایڑیوں میں چیر یعنی شگاف آجائیں۔

2-ریومیکس RUMEX.

جلد پر خاص کر ٹانگوں پر شدید خارش۔نتھنوں کے اندر اور تالو پر کھجلی۔پرانی خارش جو لباس اتارتے وقت سرد ہوا لگنے سے زیادہ ہو جائے۔

3-ڈولی کس DOLICHOS.

شدید کھجلی خاص کر کندھوں، کہنیوں، گھٹنوں اور بالوں والے حصوں پر جو رات کے وقت شدت اختیار کر جائے۔

4-آرسنک البم ARSENIC ALBUM.

شدید جلن دار کھجلی جو ٹھنڈک سے، لباس اتارنے سے، دوپہر کے وقت یا آدھی رات کے بعد زیادہ ہو جائے۔ گرمی سے اور گرم مشروبات سے کم ہو جائے۔

5- سورائینم PSORINUM.

شدید کھجلی خاص کر کھوپڑی اور جوڑوں کے موڑ کے اندر۔ انگلیوں کے ناخنوں کے قریب پیپ والے ابھار۔ پرانی خارش جو بستر کی گرمی سے، موسم کی تبدیلی سے، ٹھنڈی ہوا سے اور سورج کی گرمی سے زیادہ ہو جائے۔

6- سٹیفی سیگریا STAPHYSAGRIA.

کھجلانے پر خارش کا مقام تبدیل ہو جائے (میزریم، سلفر)۔ چھونے سے اور رات کے وقت زیادہ ہو جائے۔ سر، کانوں، چہرے اور جسم پر ایگزیما ہو۔ ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کے جوڑ متورم ہوں۔

7- ایلومینا ALUMINA.

شدید خارش۔ اتنا کھجلائے کہ خون نکل پڑے اور اس کے بعد درد ہو (آرسنک البم)۔ کھجلانے کے بعد بعض اوقات سرخ بادہ کے دانے یا پھنسیاں اور پھوڑے نکل آتے ہیں۔ خارش شام کے وقت اور بستر کی گرمی سے زیادہ ہو جاتی ہے۔

8- پکز لیکوئیڈا PIX LIQUIDA.

ہاتھوں کی پشت پر شدید پریشان کن خارش اور ابھار جس کو کھجلانے سے خون نکل آئے۔

9- کریوزوٹ KREOSOTE.

سخت پرانی کھجلی جو شام کو زیادہ ہو جائے اور گرمی سے اور گرم اشیاء سے کم ہو جائے۔ انگلیوں اور ہاتھوں کی پشت پر ایگزیما کی سی کیفیت ہو۔

10- کالی آرسنک KALI ARSENIC.

پرانی' سخت' ناقابل برداشت کھجلی جو گرمی سے' چلنے پھرنے سے اور لباس اتارنے سے زیادہ ہو جائے۔

11- سلفر SULFUR.

شدید خارش وجلن جو کھجلانے سے' نہانے دھونے سے' گرمی سے اور شام کے وقت زیادہ ہو جائے۔ اکثر اوقات یہ خارش موسم بہار میں یا مرطوب موسم میں بھی بار بار عود کر آتی ہے۔ ناخن کی جڑ کے قریب یا ان کی اطراف میں جلد ادھڑ جائے۔ جلد کی تہوں کے اندر یعنی بند ہونے والے جوڑوں کے اندرونی جانب کھجلی وزخم وغیرہ (لائیکو پوڈیم)۔ خارجی طور پر استعمال ہونیوالی دوا کے بداثرات سے پیدا شدہ جلدی بیماریوں میں بہت مفید ہے۔

12- پریمولا اوبکونیکا PRIMULA OBCONICA.

شدید کھجلی۔ کھجلانے کے بعد سرخباد کی سی سرخی اور سوجن' ابھاروں کے اوپر چھوٹے آبلے' خارش کے ہمراہ بخار' خارش رات کے وقت زیادہ ہو جائے۔

13- مینگی فیرا انڈیکا MANGIFERA IND.

ہتھیلیوں' کانوں کی لوؤں اور ہونٹوں کی کھجلی اور سوجن۔ جلد متورم اور جھلسی ہوئی جیسے کہ سورج کی دھوپ سے جھلس گئی ہو۔

کمی بیشی

MODALITIES.

1- زیادتی رات کے وقت۔

ڈولیکس۔ سورائینم۔ سٹیفی سیگریا۔ ایلومینا۔ پریمولا۔ سلفر۔

2- زیادتی شام کے وقت۔

ایلومینا۔سلفر۔کریوزوٹ۔

3-زیادتی نہانے دھونے سے۔

سلفر۔

4-زیادتی گرمی سے۔

سلفر۔کالی آرسنک۔ایلومینا۔سورائینم۔

5-زیادتی بستر کی گرمی سے۔

سلفر۔ایلومینا۔سورائینم۔

6-زیادتی چھونے سے۔

سٹفی سیگریا۔

7-زیادتی ٹھنڈک سے۔

آرسنک البم۔کریوزوٹ۔ہیپر سلفر۔ریومیکس۔اولینڈر۔پیٹرولیم۔

2

خشک ابھار یا پھنسیاں

DRY ERUPTIONS

خارش یا خارش کے بغیر

With or without itching

1-ٹیلیا یوروپا TILIA EUROPA.

شدید کھجلی۔ کھجلانے کے بعد آگ کی سی جلن اور سرخ رنگ کی چھوٹی چھوٹی پھنسیاں یا چھپاکی نما دانے نکلیں۔ سونے کے بعد گرم پسینہ کثرت سے آئے۔ کھجلی زیادہ ہو جائے دوپہر کے بعد شام کے وقت، گرمی سے اور بستر کی گرمی سے۔

2-ارٹیکا یورنس URTICA URENS.

شدید کھجلی۔ کھجلانے کے بعد ڈنگ لگنے کی سی اور آگ کی سی جلن اور سرخ رنگ کی پھنسیاں یا گومڑیاں پیدا ہوں۔ کھجلی زیادہ ہو جائے چھونے سے اور سرد مرطوب ہوا سے۔

3-انا کارڈیم ANACARDIUM.

شدید کھجلی۔ کھجلانے کے بعد سوجن اور چھپاکی نما دانے یا پھنسیاں نکلیں جن کے ساتھ ذہنی پریشانی بھی ہو۔ زیادتی ہو ملنے سے۔

نوٹ۔ بعض اوقات ناف کے ارد گرد بھی پھنسیاں نکل آتی ہیں۔

4- آرسنک البم ARSENIC ALB.

شدید کھجلی۔ کھجلانے کے بعد آگ کی طرح جلن اور سوزش ہو اور بہت زیادہ دانے یا پھنسیاں یا چھپاکی نما دانے نکل آئیں یا چھلکے اترنے لگیں۔ زیادتی ہو ٹھنڈک سے' لباس اتارنے سے' آدھے دن کے بعد یا آدھی رات کے بعد۔

5- پریمولا اوبکونیکا PREMULA OBCONICA.

شدید کھجلی۔ کھجلانے کے بعد جلد سرخ اور متورم ہو جائے یا جلد پر گومڑیاں ابھر آئیں۔ بازو پر' بازو کے اگلے حصہ (کہنی سے ہتھیلی تک)' ہاتھوں' کلائیوں اور انگلیوں کے درمیان اکثر جلن رہے (آگ سی لگی رہے)۔ ہتھیلیاں خشک اور گرم ہوں۔

نوٹ۔ بعض اوقات چہرہ پر خشک اور تر دانے یا پھنسیاں بکثرت نکل آتی ہیں اور بعض اوقات انگلیوں پر آبلے نکل آتے ہیں اور ساتھ بخار ہوتا ہے۔

6- سلفر SULPHUR

شدید کھجلی۔ کھجلانے کے بعد آگ کی طرح جلن ہو اور پھنسیاں نکل آئیں۔ زیادتی ہو بستر کی گرمی سے' نہانے دھونے سے' شام سے آدھی رات تک اور کھجلانے سے۔

7- زیروفائیلم XEROPHYLLUM.

شدید کھجلی۔ کھجلانے کے بعد آگ کی طرح جلن ہو اور آبلے یا چھالے نکل آئیں۔ زیادتی ہو شام کے وقت' دوپہر کے بعد اور ٹھنڈک سے۔

8- فیگو پائیرم FAGOPYRUM.

گھٹنوں' کہنیوں' ہاتھوں' کانوں اور آنکھوں کے ارد گرد' اعضائے تناسل اور بالوں والی جگہ پر اکثر شدید کھجلی ہو۔ کھجلانے کے بعد سرخ رنگ کی بڑی بڑی پھنسیاں پیدا ہوں لیکن ان میں

پیپ کبھی نہ پڑے۔ زیادتی ہو آرام کے وقت' چھونے سے' کھجلانے سے' گرمی سے اور سوتے وقت۔

9- سیلینیم SELENIUM.

انگلیوں کے جوڑوں میں' انگلیوں کے درمیان' ہتھیلیوں پر' ٹخنوں کے اردگرد' جلد کی تہوں میں' بالوں والی جگہ پر' ابرو پر' داڑھی میں' سر پر اور اعضائے تناسل پر شدید کھجلی جس کے ساتھ یا تو جلد خشک ہو یا اس پر سے چھلکے اتریں یا پھر پھنسیاں نکلیں۔ زیادتی ہو گرم موسم میں۔

10- سارسپریلا SARSAPARILLA.

چھنب یا چھلکے دار ابھار جن میں شدید کھجلی ہو۔ ہاتھوں' پاؤں' انگلیوں اور انگوٹھوں کی جلد پھٹ جائے۔ انگلیوں اور انگوٹھوں کے اردگرد کی جلد پھٹ جائے اور زخم پیدا ہو جائیں۔ پھٹی ہوئی جلد یا زخموں میں شدید خارش اور آگ کی طرح جلن ہو۔ زیادتی مرطوب موسم میں' کھلی ہوا میں' رات کے وقت اور ہر موسم گرما میں۔

11- اگیریکس مسکارس AGARICUS MUSCARIUS.

موسم سرما میں جلد پر سرخ رنگ کے ابھار یا دانے یا پھنسیاں نکلیں (پٹرولیم)۔ چھوٹے چھوٹے دانوں والے ابھار جیسے کہ پت یعنی گرمی دانے ہوتے ہیں۔ بوائیاں اور سرخ رنگ کی سوزش جس میں شدید کھجلی اور آگ کی طرح جلن ہو۔ پاؤں اور ان کے انگوٹھوں میں بہت زیادہ کھجلی ہو۔ زیادتی ہو ٹھنڈک سے' سرد موسم میں۔

12- نیٹرم میور NATRUM MUR.

کھوپڑی پر' جوڑوں کے موڑوں کے اندرونی جانب' منہ کے اردگرد اور کانوں کے پیچھے آبلہ دار دانے یا ابھار ہوں جن میں شدید خارش ہوتی ہو۔ زیادتی ہو صبح کے وقت' گرمی سے اور جسمانی محنت سے۔

نوٹ۔ پرانی مرض میں مریض کو نمک کی شدید خواہش سر درد اور قبض کی شکایت ہوتی ہے۔

13- سیپیا SEPIA.

دائروں یا ٹکڑوں کی صورت میں ابھار یا پھنسیاں۔ ہونٹوں پر منہ کے ارد گرد ناک پر کہنیوں اور گھٹنوں کے اندرونی حصوں میں داد یا چنبل کی طرح ابھار جن میں شدید خارش ہو۔ زیادتی ہو کھلی ہوا میں' گرمی سے (نیٹرم میور)۔

14- نیٹرم کارب NATRUM CARB.

انگلیوں اور انگوٹھوں کے پوروں پر دائروں اور ٹکڑوں کی صورت میں آبلوں والے ابھار ہوں۔ تلوؤں میں کچاپن اور دکھن ہو۔ زیادتی ہو دھوپ سے' موسم گرما کی گرمی سے اور موسم کی تبدیلی سے۔

15- سلفر آئیوڈائیڈ SULPHUR IOD.

تمام بازوؤں پر (پریمولا)' کانوں پر' ناک پر' چہرے پر اور پیشاب کی نالی میں شدید کھجلی ہو اور چھوٹی چھوٹی گانٹھ کی مانند پھنسیاں یا خارش کے دانے نکلیں۔ یہ دوا حجام کے استرے سے پیدا شدہ خارش اور کیل مہاسوں میں بہت مفید ہے۔

16- ایلاپس کورلینس ELAPS CORALLINUS.

بغل میں خارش والے دادنما ابھار۔ انگلیوں کے سرے ادھڑ جائیں۔

17- رس وینا ٹا RHUS VENATA.

جلد گہری سرخ' اس پر سرخ گٹھلیاں پیدا ہوں اور ان میں شدید کھجلی ہو۔ خارش میں زیادتی ہو رات کے وقت اور کمی ہو گرم پانی سے۔

18- ریڈیم بروميٹم RADIUM BROMATUM.

تمام جسم پر کھجلی۔جلد پر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں یا داغ پڑیں۔کھجلانے کے بعد سرخ رنگ کی سوزش ہو اور آگ کی طرح جلن ہو۔

19-بوریکس BORAX.

ہاتھوں کی انگلیوں اور پاؤں کے انگوٹھوں کے جوڑوں کی پچھلی جانب شدید خارش اور ڈنگ لگنے کی سی جلن۔زیادتی ہو موسم گرما میں۔

20- سٹفی سیگریا STAPHYSAGRIA.

خشک کھرنڈ ہمراہ شدید کھجلی یا خارش۔کھجلانے پر کھجلی کا مقام تبدیل ہو جائے (میزیریم' سلفیورک ایسڈ)۔کھرنڈوں کے نیچے کبھی کبھار تر مواد بھی ہوتا ہے۔

21- کوریلیم رو برم CORALLIUM RUB.

جلد تانبے کی طرح سرخ۔ہتھیلیوں اور تلوؤں پر چنبل یا داد کی مانند خارش ہو۔

22-یوفور بیا لتھائرس EUPHORBIA LATHYRIS.

خارش کے دانے سرخ' چمکیلے' کھردرے اور استسقائی کیفیت کے ہوں اور ان پر سے چھلکے اتریں۔دانے پہلے چہرے پر ظاہر ہوں اور پھر پورے جسم پر پھیل جائیں۔زیادتی ہو چھونے سے اور سرد ہوا سے۔کمی ہو بند کمرے میں اور میٹھا تیل لگانے سے۔

23-بربیرس ایکی فولیم BERBERIS AQUIF.

خشک پھنسیوں والی خارش جس سے چھلکے اتریں۔خارش کھوپڑی سے شروع ہو کر چہرے اور گردن تک پھیلے۔بعض اوقات چہرے پر بڑی بڑی پھنسیاں نکلتی ہیں جن میں خارش بھی ہوتی ہے یا نہیں بھی ہوتی اور ان سے چھلکے اترتے ہیں۔

24-آرسنک بروم ARSENIC BROM.

نوجوانی میں رخساروں اور ناک پر بڑی بڑی سرخ پھنسیاں نکلتی ہیں۔یہ تکلیف دہ پھنسیاں

موسم بہار میں زیادہ ہو جاتی ہیں۔

25- کوری ڈیلس CORYDALIS.

بوڑھے افراد کے چہرے پر چھلکے اترنے والی خارش ہوتی ہے۔

مقام مرض

LOCATION.

1- چہرے پر۔

بربیرس ایکی فولیم۔سلفر آئیڈ۔یوفوربیا۔آرسنک بروم۔کوری ڈیلس۔

2- سر پر۔

سیلینیم۔بربیرس ایکی فولیم۔سٹفی سیگریا۔جگلانس ریجیا۔

3- منہ کے ارد گرد۔

نیٹرم میور۔سیپیا۔

4- اوپر کے ہونٹوں پر۔

میلنڈرینم۔سارسپریلا۔سیکیگا۔سیپیا۔

5- نچلے ہونٹوں پر۔

آرم ٹرائفلم۔سیکیگا۔سیپیا۔

6- بازوؤں پر۔

پریمولا۔سلفر آئیڈ۔فیگوپائیرم۔میتھاپائپریٹا۔

7- بازوؤں پر، لکھتے وقت۔

مینتھا پائپریٹا۔

8- بغلوں میں۔

ایپس۔ پٹرولیم۔ بازوؤں پر لکھتے وقت۔ مینتھا پائپریٹا

9- ہاتھوں پر۔

پریمولا۔ پکس لیکوئیڈا۔

10- ہاتھوں کی پشت اور انگلیوں کے جوڑوں پر۔

پکس لیکوئیڈا۔ (بوریکس۔ سیلینیم)۔

11- پاؤں کے انگوٹھوں پر۔

بوریکس۔

12- انگلیوں پر اور پاؤں کے انگوٹھوں پر۔

سارسپریلا۔

13- انگلیوں کی درمیانی جگہوں پر۔

پریمولا۔ سیلیلیم۔ ایسڈ فاس۔

14- ہتھیلیوں پر۔

سیلیلیم۔ فیکوپائیرم۔ کوریلیم روبرم۔

15- بالوں والی جگہوں پر۔

سیلیلیم۔ فیکوپائیرم۔ نیٹرم میور۔

16- جلد کی تہوں کے اندرونی حصوں میں۔

سیلینیم۔ نیٹرم میور۔ سیپیا۔ ایمونیم کارب۔

17- اعضائے تناسل پر۔

سیلیشیم۔

18- بچوں کی کھوپڑی پر خشک چھلکے والی خارش۔

بیگلانس ریجیا۔ونکامائیز۔کلکیریا کارب۔

19- رخساروں اور ناک پر پھنسیاں یا کیل مہاسے۔

آرسنک برومیٹم۔

کمی بیشی

MODALITIES

زیادتی صبح کے وقت۔

سٹفی سیگریا۔سلفر۔نیٹرم میور۔

زیادتی دوپہر کے بعد۔

ٹیلیا۔آرسنک البم۔زیروفائیلم۔فیگو پائیرم۔پلسٹلا۔

زیادتی شام کے وقت۔

سلفر۔ایلومینا۔کریوزوٹ۔ٹیلیا۔زیروفائیلم۔فیگو پائیرم۔

زیادتی رات کے وقت۔

آرسنک البم۔ڈولی کس۔سٹفی سیگریا۔رس ونناٹا۔پریمولا۔فیگو پائیرم۔ٹیلیا۔سارسپریلا۔

زیادتی گرمی سے۔

سلفر۔ٹیلیا۔فیگو پائیرم۔سیلیشیم۔نیٹرم میور۔بوریکس۔کالی آرسنک۔

زیادتی بستر کی گرمی سے۔

سلفر۔سورائینم۔ٹیلیا۔فیکو پائیرم۔

زیادتی نہانے دھونے سے۔

سلفر۔آرٹیکا یورنس۔سارسپریلا۔

زیادتی ٹھنڈک سے۔

آرسنک البم۔ سورائینم۔ ریومیکس۔ کریوزوٹ۔ سیپیا۔ یو فوربیا۔ آگیریکس۔ زیروفائیلم۔

زیادتی چھونے سے:۔

ارٹیکا یورنس۔فیکو پائیرم۔سلفر۔یوفوربیا۔سٹفی سیگریا۔ڈولی کس۔

کمی گرم پانی کے ساتھ نہانے سے:۔

رس ونانا٬ ریڈیم بروم۔

کمی ٹھنڈے پانی کے ساتھ نہانے سے:۔

فیکو پائرم۔ٹیلیا۔بوریکس۔سیلینیم۔نیٹرم میور۔سیپیا۔

کمی تیل وغیرہ لگانے سے:۔

یوفوربیا۔

کمی مسلنے سے:۔

انا کارڈیم۔

کمی کھجلانے سے:۔

کوموکلیڈیا۔نیٹرم کارب۔سلفر۔

3

ترابھار۔ پھنسیاں

MOIST ERUPTIONS

پانی والی یا نمدار

CONTAINING WATER OR MOISTURE.

خارش یا خارش کے بغیر

With or without itching

1- گریفائیٹس GRAPHITES.

ابھار یا پھنسیاں جن سے چپکنے والی لیس دار رطوبت نکلے اور شدید خارش ہو۔

2-رسٹاکس RHUS TOX.

جلد سرخ، سوجی ہوئی، چھلکے اتریں اور شدید کھجلی ہو۔خارش کی وجہ سے نیند نہ آئے۔زیادتی ہو آرام کرنے سے ٹھنڈک سے اور نہانے دھونے سے۔

3-ڈلکامارا DULCAMARA.

خارش اور جلدی امراض اگر بارشوں کے موسم یعنی مرطوب موسم اور سرد ہوا میں زیادہ ہو جائیں تو "ڈلکامارا" ان کی پہلی دوا ہے۔

4- کلے میٹس ارکٹا CLEMATIS ERECTA.

جلد خشک' آبلوں' چھلکوں اور کھرنڈوں والی جس میں شدید کھجلی ہو۔ خارش زیادہ تر چہرے پر' ہاتھوں پر اور کھوپڑی پر گدی کے ارد گرد اگلتی ہے۔ زیادتی ہوتی ہے نہانے دھونے سے' گیلے یعنی مرطوب موسم میں۔

5- پٹرولیم PETROLEUM.

جلد کھردری اور کٹی پھٹی جس میں شدید کھجلی ہو۔ زیادتی ہوتی ہے سردی میں' مرطوبیت میں اور ہر موسم سرما میں۔

6- اولینڈر OLEANDER.

پھنسیاں' پھوڑے' ڈنبل اور داد جن میں شدید خارش ہو۔ کھجلانے کے بعد جلد سے خون نکل آئے یا مواد رسنے لگے۔ جلد بہت زیادہ ذکی الحس اور ذرا سی خراش بہت تکلیف دہ ہو۔ بعض اوقات خارش صرف سر کی کھوپڑی پر ہی ہوتی ہے۔ زیادتی ہوتی ہے آرام کرتے وقت اور لباس اتارنے سے۔

7- بووسٹا BOVISTA.

ایگزیما' چھلکوں اور کھرنڈوں والے دانے یا پھنسیاں جن میں شدید کھجلی ہو۔ یہ تکلیف بعض اوقات صرف دمچی یا تکونیہ ہڈی پر ہوتی ہے اور کھجلی ہوتی ہے۔ کھجلانے کے بعد چھپاکی نما دانے یا ابھاروں سے کھرنڈ اتریں جن کے نیچے کیچڑ نما مواد یا خون ہو۔ تر قسم کا ایگزیما اور ذکی الحسی ہو۔ زیادتی ہو صبح کے وقت' گرم ہو جانے پر اور نہانے دھونے کے بعد۔

8- سٹفی سیگریا STAPHYSAGRIA.

ایگزیما' کھرنڈ اور تر خارش جس میں شدید کھجلی ہو۔ کھجلانے سے خارش اپنی جگہ تبدیل

کرلے۔ خارش اکثر سر چہرے، کانوں اور جسم کے دوسرے حصوں پر ہوتی ہے۔ زیادتی ہوتی ہے چھونے سے اور رات کے وقت۔

9۔ وائی اولا ٹریکولر VIOLA TRICOLOR.

جلد پر آبلے اور کھرنڈ۔ جلد پھٹی ہوئی۔ شدید کھجلی۔ آبلوں میں بدبودار مواد یا پیپ ہو۔ عموماً چہرے اور سر پر زیادہ۔ کانوں کے پچھلی جانب کے غدود بڑھے ہوئے ہوں۔ کھجلی رات کو زیادہ ہو جائے۔

10۔ کرائی سارو بینم CHRYSAROBINUM.

گہرے سرخ رنگ کی پھنسیاں جو زیادہ تر آنکھوں کے گرد، کانوں کے گرد، ٹانگوں پر اور رانوں پر زیادہ نکلتی ہیں۔ یہ ابھار باہم مل کر ایک ہو جائیں اور اس سارے حصے پر ایک ہی کھرنڈ جیسا چھلکا بن جائے اور اس کے نیچے پیپ ہو۔

11۔ سٹرونشیا STRONTIA.

جلد سرخ جس میں شدید جلن اور کھجلی ہو۔ یہ کھجلی عموماً جوڑوں کے دردوں میں مبتلا مریضوں کے چہروں پر ہوتی ہے۔ زیادتی ہوتی ہے موسم کی تبدیلی پر، گرم پانی کے ساتھ نہانے دھونے سے اور دھوپ کی گرمی میں۔

12۔ لائیکو پوڈیم LYCOPODIUM.

پھنسیاں، ایگزیما، جلد پھٹی ہوئی، شدید کھجلی۔ ابھار پک کر پھوٹ جائیں۔ مواد اور خون نکلے۔ ایگزیما کے ساتھ پیشاب کی تکالیف ہوں۔ زیادتی ہو جائے گرمی سے لیکن گرم غذا و مشروبات پسند کرے۔

13۔ سورائینم PSORINUM.

پرانے آبلے اور کھرنڈ جن کے نیچے بدبودار کیچڑ جیسا مواد ہو۔ شدید کھجلی عموماً کھوپڑی پر جوڑوں کی تہوں کے اندرونی جانب اور کانوں کے پیچھے۔ زیادتی ہو موسم کی تبدیلی پر بستر کی گرمی سے۔ کمی ہو کھجلانے سے۔

14-ایمونیم کارب AMMONIUM CARB.

سرخ دانے، جسم کے کسی حصہ پر آبلے جن میں شدید جلن ہو۔ ایگزیما بازوؤں اور ٹانگوں کی تہوں کے اندر کی جانب، ٹانگوں کے درمیان، اعضائے تناسل پر جس میں شدید کھجلی ہو۔ زیادتی ہو شام کے وقت، ٹھنڈک سے، نہانے دھونے سے اور مرطوب موسم میں۔

15-ونکا مائنر VINCA MINOR.

سر پر ایگزیما اور چھوٹی چھوٹی پیپ والی پھنسیاں۔ بال آپس میں گتھ جائیں یعنی جڑ جائیں۔ جلد کو کھجلانے پر کھجلی ہو۔ معمولی سا کھجلانے سے جلد سرخ اور زخمی ہو جائے اور بدبودار رطوبت رسنے لگے۔

مقام مرض

LOCATION

1- کھوپڑی پر۔

وائی اولا ٹرائیکولر۔ کلے میٹس۔ سٹیفی سیگریا۔ سورائینم۔ ونکا مائنر۔ پیٹرولیم۔ اولینڈر۔

2-گدی پر۔

کلے میٹس۔

3-چہرے پر۔

وائی اولائریکولر۔ کلے میٹس۔ سٹفی سگریا۔ سٹرونشیا۔

4-ہاتھوں پر۔

کلے میٹس۔

5- کانوں پر۔

سٹفی سگریا۔ کرائی سارو بینم ۔ سورائینم ۔

6-آنکھوں پر۔

کرائی سارو بینم ۔

7-ٹانگوں پر۔

ایمونیم کارب۔

8-رانوں پر۔

کرائی سارو بینم۔

9-جوڑوں کی تہوں میں ۔

سورائینم ۔ایمونیم کارب۔ جگلانس سینیریا۔

10۔ہاتھ پاؤں کیجوڑوں کی تہوں میں ۔

ایمونیم کارب۔

11۔پاؤں کے جوڑوں کی اوپر کی تہہ پر:۔

جگلانس سینیریا۔

کمی بیشی

MODALITIES

1-زیادتی نمی یا نمدار چیزوں سے۔

ڈلکامارا۔رسٹاکس۔کلے میٹس۔سورائینم۔

2-زیادتی آرام کرنے سے۔

رسٹاکس۔اولینڈر۔

3-زیادتی موسم سرما میں۔

پٹرولیم۔

4-زیادتی گرمی سے۔

بووسٹا۔لائیکو پوڈیم۔

5-زیادتی صبح کے وقت۔

بووسٹا۔

6-زیادتی شام کے وقت۔

ایمونیم کارب۔

7-زیادتی رات کے وقت۔

رسٹاکس۔سورائینم۔اولینڈر۔

8-زیادتی موسم کی تبدیلی پر۔

سٹرونشیا۔سورائینم۔

9۔زیادتی لباس اتارنے سے۔

اولینڈر۔نیٹرم سلف۔کالی آرسنک۔ریومیکس۔سلفر۔

10- کمی گرم پانی کے ساتھ نہانے سے:۔

سٹرونشیا۔

4

آبلے دار ابھار یا پھنسیاں

PUSTULAR ERUPTIONS.

خارش یا خارش کے بغیر

With or without itching

(الف) عمومیات

GENERALITIES.

1-بربیرس ولگیرس BERBERIS VULG.

آبلے دار پھنسیاں سارے جسم پر۔ ایگزیما کی مانند آبلے خاص کر بازوؤں پر اور ہاتھوں پر جن میں بہت زیادہ جلن، درد اور کھجلی ہو۔ کمی ہو ٹھنڈی چیزیں لگانے سے۔ اس دوا میں جلدی امراض کے ساتھ عموماً پیشاب کی تکالیف بھی ہوتی ہیں۔

2-میزیریم MEZEREUM.

آبلے زخموں کی صورت اختیار کر جائیں جن کے اوپر بہت موٹا کھرنڈ ہو اور اس کے نیچے پیپ کا اجتماع ہو۔ آبلوں میں ناقابل برداشت جلن اور کھجلی ہو۔ زیادتی ہو بستر میں جانے سے،

شام سے آدھی رات تک۔

3- کرائی سارو بینم CHRYSAROBINUM.

پھنسیاں اور آبلے عموماً آنکھوں' کانوں اور رانوں پر جن کے نیچے پیپ ہو۔ یہ پھنسیاں یا آبلے مل کر ایک کھرنڈ جیسا چھلکا بن جائے اور اس کے نیچے پیپ جمع ہو جائے۔

4- اینٹی مونیم ٹارٹ ANTIMONIUM TART.

آبلے یا پھنسیاں جو جلد پر نیلگوں سرخ نشان چھوڑ جائیں۔

5- کوموکلیڈیا COMOCLADIA.

دھڑ' بازوؤں اور ٹانگوں کا ایگزیما' جلد سرخ۔ زیادتی ہو گرمی سے' چھونے سے' آرام کرتے وقت اور رات کے وقت۔

6- مرک سال MERC SOL.

خارش کے ساتھ یا خارش کے بغیر آبلے جن کے اردگرد پھنسیاں نکل آئیں اور ان سے سبزی مائل مواد رسنے لگے۔ زیادتی ہو رات کے وقت' پسینہ کے دوران اور بستر کی گرمی سے۔

7- مینگینم ایسی ٹیکم MANGANUM ACET.

جوڑوں کے اردگرد آبلے نکل آئیں اور پیپ پڑ جائے۔ کھجلی جس کو کھجلانے سے افاقہ محسوس ہو۔ کہنیوں کے موڑ کے اندر خارش اور زخم وغیرہ۔

8- ہیپر سلفر HEPAR SULF.

چھوٹے چھوٹے گول اور ٹھوس ابھار جن میں پیپ پڑ جائے اور پھیل جانے کا میلان ہو۔ جلد غیر صحت مند' ہاتھوں اور پاؤں پر گہری درزیں پڑ جائیں۔ ذرا سی خراش بھی پک جائے۔ ٹھنڈے پھوڑے (ٹاٹ کی الس...) [illegible]

نوٹ۔ اگر چہرے اور جسم کے کسی دیگر حصہ پر سرخ آبلے یا پیپ دار پھنسیاں نکلی ہوئی ہوں اور ران میں شدید درد ہوتا ہو تو بیلاڈونا اور ہیپر سلفر کا کے بعد دیگرے استعمال بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

9-رینن کولس بلبوسس RANUNCULUS BUL.

ہتھیلیوں پر نیلگوں ابھار' آبلے اور کھرنڈ۔ انگلیوں کے سرے اور ہتھیلیاں پھٹی ہوئیں جن میں بہت خارش اور جلن ہو۔ زیادتی ہو چھونے سے' ٹھنڈک سے' کھلی ہوا سے اور موسم کی تبدیلی پر۔

10-سلیشیا SILICEA.

پرانے ابھار' پھنسیاں یا زخم وغیرہ جو ناسور کی شکل اختیار کر لیں۔ جن میں سے بدبودار پیپ خارج ہو اور وہ ٹھنڈک سے ذکی الحس ہوں۔

نوٹ:۔ ایسے زخم جن کے کنارے باہر کی طرف ابھرے ہوئے ہوں' کالی بائیکروم (Kali Bich.) کو طلب کرتے ہیں۔

11- کاربالک ایسڈ CARBOLIC ACID.

شرمگاہ پر آبلے جن میں خون ملی پیپ بھری ہوئی ہو۔ شدید کھجلی اور جلن ہو۔

12-بوفو BUFO.

ہتھیلیوں اور تلووں پر پیپ دار پھنسیاں اور آبلے جن میں سے پیپ نکلے اور بعض اوقات خارش ہو۔ یہ پھنسیاں عموماً درد والی ہوتی ہیں۔ زیادتی ہو گرم کمرے میں اور بیدار ہونے پر۔ چھ سات روز تک 200 کی صرف ایک خوراک روزانہ دینا مفید ہے۔

13-اینٹی مونیم کروڈ ANTIM CRUDE.

خسرہ کی مانند پھنسیاں جن پر سے چھلکے اتر رہے ہوں۔ چہرے اور خصیوں یا بیضہ دانیوں پر

اکثر چھپا کی جیسے ابھار یا چھلکے جیسی پھنسیوں جیسے ابھار جن میں جلن اور کھجلی ہو۔ زیادتی ہو شام کے وقت، رات کے وقت، گرمی سے اور ٹھنڈے پانی کے ساتھ نہانے سے۔

14- جگلانس سائنیریا JUGLANS CINEREA.

پاؤں پر آبلے دار ایگزیما۔ پپوٹوں اور آنکھوں کے ارد گرد آبلے۔ سر پر بلا درد سرخ رنگ کی پھنسیاں یا آبلے۔ گرمی سے یا گرم ہونے پر ان میں کھجلی اور سوئیوں کی مانند چبھن ہو۔ زیادتی ہو صبح کے وقت اور چلنے پھرنے پر۔

15- جگلانس ریجیا JUGLANS REGIA.

چہرے پر سرخ رنگ کی پھنسیاں اور کیل مہاسے ہوں۔ کھوپڑی پر داد جس میں شدید کھجلی ہو۔ کھوپڑی سرخ ہو۔ بغل کے غدود پک جائیں۔ کانوں کے ارد گرد دکھن ہو۔ زیادتی ہو رات کے وقت۔

16- یوفوربیم EUPHORBIUM.

سرخ رنگ کی پھنسیاں یا زردی مائل آبلے، خاص کر چہرے اور رخساروں پر جن میں کاٹنے والے اور ڈنگ لگنے کے سے درد اور جلن ہو۔

17- نارسس NARCISSUS.

جلد سرخ۔ سخت یا پیپ والی پھنسیاں اور آبلہ دار ابھار جو بارش والے دنوں یا مرطوب موسم میں زیادہ ہو جائیں۔

18- وائی اولا ٹریکولر VIOLA TRICOLOR.

کھرنڈ والی پھنسیاں جن کے نیچے گاڑھی زرد پیپ ہو۔ ناقابل برداشت کھجلی اور جلن ہو۔ کانوں کے پیچھے والے غدود بڑھ گئے ہوں۔ زیادتی ہو رات کے وقت۔ چھ سات روز تک 200 طاقت کی صرف ایک خوراک روزانہ دینا مفید ہے۔

زہر آتشک اور سوزاک کی سمیت بھی شامل ہے اور اس کو دور کرنے میں حسب ذیل ادویات تریاق کا درجہ رکھتی ہیں۔

1- کورائی ڈیلس CORYDALIS. Q

منہ کے اندر پیدا ہونے والے فاسد آتشکی زخم ہوں۔ سن رسیدہ افراد کی جلد خشک ہو اور چہرے پر چھلکے سے بنے ہوئے ہوں۔ Q کے پندرہ تا بیس قطرے دن میں تین یا چار بار دیں۔

2- ہپوزائی نیم HIPPOZAENIUM. 30

جب ناک، پھیپھڑوں اور جلد کے آبلے، پھنسیاں یا پھوڑے فاسد یعنی مہلک صورت اختیار کر جائیں تو اس دوا کو 30 طاقت میں استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔

3- ہونگ نان HOANG NAN. Q

یہ دوا کینسر کی بدبو اور کینسر سے ہونے والے جریان خون کا سدباب کرتی ہے۔ پیپ والی پھنسیاں اور پھوڑے، آتشک کا تیسرا درجہ، پرانی خارش، زخم، جذام، کینسر اور سانپ کے ڈسنے میں بہت مفید ہے۔ مریض نڈھال ہو جائے، سر چکرائے، ہاتھ پاؤں میں بے حسی اور جھنجھناہٹ ہو۔ نچلا جبڑا بے اختیاری طور پر حرکت میں رہے۔ ایسی صورت میں Q کے پانچ تا دس قطرے استعمال کر کے مریض کی زندگی بچائیں۔

4- کروٹیلس ہوریڈس CROTALUS HORRIDUS. 30

جلد بدرنگ۔ زردی مائل یا نیلگوں سیاہ استسقائی سوجن۔ جسم کے مختلف حصوں خاص کر دائیں جانب سے سیاہ خون کا اخراج ہو (بائیں جانب سے جریان خون...... لیکیسس)۔

5- اینتھراسینم ANTHRACINUM. 30

یہ دوا پھوڑے، پھنسیوں، کاربنکل اور مہلک ناسوروں میں از حد مفید ہے جبکہ ان میں ہولناک جلن ہو (یوفوربیم۔ ٹیرنٹولا کیوبنس۔ آرسنک البم)۔ کسی بھی مخرج سے سیاہ گاڑھا کولتار جیسا خون

نکلے۔ چیر پھاڑ کے زخم کیڑوں مکوڑوں کے ڈنگ اور بدبودار ہوا سانس کے ذریعے اندر جانے کے بداثرات۔

6-ایکی نیشیا ECHINACEA. Q

اس کے پندرہ سے بیس قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں تین سے چار بار دینے سے خون کا زہریلا پن دور ہو جاتا ہے۔ اس دوا کو دوسری دوا کے دوران یا باری باری استعمال کرنے سے بہترین نتائج پیدا ہوتے ہیں۔

اگر ایکی نیشیاQ اور کلکیریا سلف 3x ڈیڑھ دو گھنٹے بعد باری باری دی جائیں تو سمیت خون سے آئے ہوئے بخار اور جلد پر پیپ بھرے دانوں کے نمودار ہونے کو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے یعنی یہ دونوں دوائیں سمیت خون کی ہر ایک حالت کے لیے تریاق کا حکم رکھتی ہیں۔

(ج) صرف ہاتھوں اور پاؤں کی تکالیف

ONLY HANDS AND FEET AFFECTED.

1-سورائینم PSORINUM

انگلیوں کے ناخنوں کے قریب پیپ دار پھنسیاں اور آبلے (کالی بائیکروم۔ یوجینیا جمبوس)۔

2-یوجینیا جمبوس EUGENIA JAMBOS

ہاتھ کی انگلیوں کے ناخنوں کے قریب آبلے یا پھنسیاں۔ جلد ہاتھ پاؤں کی انگلیوں اور انگوٹھوں کے ناخنوں سے پیچھے کی طرف ہٹ رہی ہو اور وہاں پیپ پڑ رہی ہو۔

3-ایسڈ فاس ACID PHOS

انگلیوں کے درمیان اور جوڑوں کے اندر کی طرف خارش ہو۔

4- سیلینیم SELENIUM

انگلیوں کے درمیان اور انگلیوں کے جوڑوں کے ارد گرد خارش ہو۔

5- میگنیشیا کارب MAG. CARB.

انگلیوں اور ہاتھوں پر خارش پیدا کرنے والے آبلے۔

6- یوپاس ٹینٹ UPAS TIENTE.

ناخنوں کی جڑوں کی جلد سرخ اور سن ہو اور اس میں شدید خارش ہو۔

7- پرونس سپائی نوسا PRUNUS SPINOSA.

انگلیوں کے پوروں پر خارش اور وہ ٹھٹھرے ہوئے معلوم ہوں۔

8- اناگالس ANAGALLIS.

ہاتھ کی انگلیوں اور ہتھیلیوں پر خشک ابھار اور خارش ہو۔

9- میلینڈرینم MALANDRINUM

ہاتھ اور پاؤں پر کھرنڈ۔ جلد کٹی پھٹی اور شدید خارش ہو۔

10- کریوزوٹم KREOSOTUM

انگلیوں اور ہاتھوں کی پچھلی جانب ایگزیما کی سی کیفیت ہو۔

11- ارنڈو ARUNDO

انگلیوں ہاتھوں اور ایڑیوں پر چیر آجائیں۔

12- تھوجا THUJA

انگلیوں کے پورے سرخ، متورم اور سن ہوں۔

13- گریفائیٹس GRAPHITES

انگلیوں کے کنارے پھٹ جائیں۔

14- رینن کولس بلبوسس RANANCUSLUS BELB.

ہتھیلیوں پر سے نیلگوں سرخ چھلکے اتریں اور شدید خارش ہو۔

15- کارسی نوسن CARCINOSIN

ہتھیلیوں پر سرخ رنگ کے داغ جن سے چھلکے اتریں۔

16- بوفو BUFO

ہتھیلیوں اور تلوؤں پر آبلے اور پیپ دار پھنسیاں۔

17- کوریلیم CORALLIUM

ہتھیلیوں اور تلووؤں کا چنبل، رنگت بدل کرتانبے کی طرح ہوجائے۔

18- ایلاپس کوریلینس ELAPS CORALLINUS

ہتھلیاں اور انگلیوں کے پورے ادھڑ جائیں اور ان میں خارش اور درد ہو۔

19- ای اوسن EOSIN

ہتھلیاں سرخ۔ ہاتھوں، پاؤں اور تلووؤں میں شدید جلن ہو۔

20- سینی کیولا SANICULA

ہاتھوں اور انگلیوں کی جلد کٹی پھٹی ہو۔

21- سٹلنجیا STILLINGIA

ہاتھوں اور انگلیوں پر پرانے ابھار ہوں۔

22-فائی سالس PHYSALIS

ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کی درمیانی جگہ کی کھال ادھڑ جائے۔

23-انا کارڈیم ANACARDIUM

انگلیوں پر سوزش اور آبلے ہوں۔

24-بسمتھ BISMUTH

انگلیوں کے سروں پر تکلیف دہ درد ہو۔

25-پریمولا ویرس PRIMULA VERIS

انگلیوں پر آبلے اور چھالے ہوں۔

26-ایمونیم میور AMMONIUM MUR.

انگلیوں اور انگوٹھوں کے سروں میں گولی لگنے کے سے اور زخم کرنے والے شدید درد ہوں۔

(د) صرف ناخنوں کی تکالیف

ONLY NAILS AFFECTED.

1-بربیرس ولگیرس BERBERIS VULG.

انگلیوں کے ناخنوں کے نیچے اعصابی درد ہو۔

2-انٹی مونیم کروڈم ANTIM CRUD.

ناخن بھربھرے کٹے پھٹے اور بدوضع ہو جائیں اور ساتھ ہی دماغی بے چینی اور معدہ کی خرابیاں مثلاً گیس ریاح اور تیزابیت ہو۔

3-فلورک ایسڈک FLUORIC ACID.

ناخنوں کے نیچے لکڑی کی کھپچی چبھ جانے کی مانند درد۔ ناخن ریزہ ریزہ ہو جائیں۔ مریض گرمی سے اور گرم مشروبات سے نفرت کرے۔

4- گریفائیٹس GRAPHITES.

ناخن موٹے' سیاہ اور کھردرے۔ جلدی امراض اور قبض کی طرف میلان۔ مریض اکثر موٹا اور بے رخی کرنے والا ہوتا ہے۔

5-سلیشیا SILICEA.

ناخنوں پر سفید داغ (ایلومینا' نائیٹرک ایسڈ)۔ انگوٹھوں کے ناخن اندر کی طرف بڑھیں۔ ناخن بھربھرے اور ان میں ٹوٹنے کا رجحان ہو۔ مریض سردی محسوس کرے۔

6- تھوجا THUJA

انگوٹھے کے ناخن پیدائشی طور پر خستہ' بھربھرے ہوں اور ان میں ٹوٹنے کا رجحان پایا جائے۔ مریض سائیکوسس مزاج ہوتا ہے۔

7-ڈیجی ٹیلس DIGITALIS

ناخن نیلے رنگ کے ہو جائیں (اوگزالک ایسڈ)۔

8-ہیلی بورس HELLEBORUS.

ناخن گرنے لگیں۔

9-ای اوسن EOSIN.

انگلیوں اور انگوٹھوں کے ناخنوں کے نیچے جلن ہو۔

10-

ناخن لٹک جائیں۔

11- نیٹرم سلف NATRUM SULF.

ناخنوں کی جڑوں کے قریب سوجن ہو جائے (سباڈلا)۔

12- کونیم میک CONIUM MAC.

ناخنوں کا رنگ زرد ہو جائے۔

13- یوجینیا جموس EUGINIA JAM.

ناخنوں کی جلد پیچھے ہٹ رہی ہو اور وہاں پیپ پڑ رہی ہو (کالی بائی)۔

مقام مرض

LOCATION.

1- سر پر۔

جنگلانس سنیریا۔ جنگلانس ریجیا۔ وائی اولا ٹریکولر۔ سائی کوٹا وائیروسا۔

2- چہرے پر۔

بیلاڈونا۔ اینٹی مونیم کروڈ۔ کروٹن ٹگ۔ جنگلانس ریجیا۔ وائی اولا ٹریکولر۔ کالی بروم۔ سائیکوٹا وائی روسا۔

3- ٹھوڑی پر۔

اینٹی مونیم کروڈ۔

4- کانوں کے ارد گرد۔

کرائی سارو بینم۔ جنگلانس ریجیا۔ اینٹی مونیم کروڈ۔

5-آنکھوں کے اردگرد:۔

کرائی سارو بینم۔کروٹن ٹگ۔

6- قرنیہ(آنکھ کا اگلا سفید پردہ) پر:۔

کروٹن ٹگ۔

7-منہ کے کناروں پر:۔

اینٹی مونیم کروڈ۔سائیکوٹاوائی روسا۔

8- چھاتی پر:۔

کالی برومیٹم۔

9- کندھوں پر:۔

کالی برومیٹم۔

10-بغلوں میں:۔

بیڈی آگا۔

11- خصیوں اور بیضہ دانیوں پر:۔

اینٹی مونیم کروڈ۔کروٹن ٹگ۔

12-مقعد یا مبرز پر:۔

بربیرس ولگیرس۔

13-ہتھیلیوں پر:۔

بوفو۔

14- پاؤں پر:-

جنگلانس سنیریا۔

15- عورتوں کی شرمگاہ کے اردگرد:-

کاربالک ایسڈ۔

کمی پیشی

MODALITIES.

1- زیادتی صبح کے وقت۔

کروٹن ٹگ ۔ہیپر سلفر۔ رینن کولس بلبوسس۔

2- زیادتی شام کے وقت۔

میزریم۔ رینن کولس بلبوسس۔ اینٹی مونیم کروڈ۔ آئرس ورس۔

3- زیادتی شام سے آدھی رات تک۔

میزریم۔

4- زیادتی رات کے وقت۔

اینٹی مونیم کروڈ۔ جنگلانس ریجیا۔ آئرس ورس۔ کروٹن ٹگ ۔ وائی اولاٹر یکولر۔

مرک سال۔

5- زیادتی آرام کرنے پر:-

کوموکلیڈیا۔ میزریم۔

6-زیادتی بستر میں:۔

میزیریم۔مرکسال۔

7-زیادتی کھلی یا ٹھنڈی ہوامیں:۔

ہیپر سلفر۔سیلشیا۔ریئن کولس بلبوس۔کالی بائیکرومم۔

8-زیادتی موسم گرمی سے:۔

جنگلانس سیریا۔کوموکلیڈیا۔

9-زیادتی موسم کی تبدیلی سے:۔

ریئن کولس بلبوس۔

10-زیادتی ٹھنڈے پانی کے ساتھ نہانے دھونے سے:۔

اینٹی مونیم کروڈ۔کروٹن ٹگ۔

11-زیادتی جلد کو چھونے سے:۔

کروٹن ٹگ۔ریئن کولس بلبوس۔

12-زیادتی مرطوب موسم میں:۔

نارس۔

13- کمی ٹھنڈی یا کھلی ہوامیں:۔

کوموکلیڈیا۔

